پریس ریلیز

بی ایس سی نرسنگ ڈگری کے اجراء سے پاکستان میں نرسز کیلئے اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھل گئے
نرسنگ کالج جنرل ہسپتال کی 55طالبات کے امتیازی نمبرز قابل تحسین،آئندہ بھی کامیابیاں سمیٹیں
نرسنگ کورس مکمل کرنیوالی طالبات گریڈ 16میں ملازمت کا آغاز کرتی ہیں:پروفیسر الفرید ظفر
نرسنگ کا شعبہ دن بدن باوقار اور مستحکم ہو رہا ہے،تقریب سے پرنسپل اے ایم سی کا خطاب

لاہور 11 ستمبر:......بی ایس سی نرسنگ ڈگری کے اجراء سے پاکستان میں بلاشبہ اس شعبے کے لئے اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھل گئے ہیں اور نرسنگ کا شعبہ ہر گزرتے دن کے ساتھ ساتھ مزید باوقار اور مستحکم ہو رہا ہے جس کے باعث ترقی یافتہ مما لک کی طرح پاکستان میں بھی اعلیٰ تعلیم یافتہ نرسز اب ڈاکٹرز کے شانہ بشانہ مریضوں کے علاج معالجے اور اُن کی نگہداشت میں اپنے فرائض بہتر طور پر سرانجام دے رہی ہیں۔

ان خیالات کا اظہار پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے نرسنگ کالج اے ایم سی،لاہور جنرل ہسپتال کے فرسٹ پروفیشنل میں شاندار کامیابی پر طالبات کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ایل جی ایچ نرسنگ کالج کا رزلٹ 96 فیصد رہا جبکہ ٹیچر عاصمہ عابد کی خصوصی محنت کی بدولت 98 میں سے 55 طالبات نے مائکرو بیالوجی سبجیکٹ میں امتیازی نمبرز(Distinction Numbers) حاصل کئے ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ نرسنگ طالبات نے شاندار نمبر حاصل کر کے مادرعلمی کا نام روشن کیا ہے جس پر ان طالبات کے علاوہ ان کی تمام اساتذہ اور فیکلٹی بلاشبہ مبارکباد کی مستحق ہے۔انہوں نے پرنسپل رمضان بی بی،وائس پرنسپل صابرہ سعد،نرسنگ انسٹرکٹر ژثمر نازکنول،شہناز ڈار،عذرا پروین، عاصمہ عابد،ثوبیہ لطیف،نسرین کوثر،عذرا یعقوب اور رمضانہ و دیگر کی تعریف کی۔

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ نرسنگ سے وابستہ ٹیچرز اپنی طالبات کی صلاحیتیں نکھارنے،تعلیم و تربیت،موسمی و متعدی امراض بارے آگاہی اور ڈسپلن سے متعلق کلیدی کردار ادا کرتی ہیں لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ میڈیکل پروفیشن سے وابستہ تمام خواتین و حضرات اپنے علم و تجربے میں مسلسل اضافہ کے لئے سیکھنے کے عمل کو جاری رکھیں تا کہ وہ دورحاضر میں طبی میدان میں ہونے والی انقلابی تبدیلیوں و ترقی سے باخبر رہ سکیں جس کا براہ راست فائدہ نہ صرف میڈیکل و نرسنگ کالج کے طلباو طالبات کو ہوگا بلکہ اس کے نتیجے میں مریضوں کے علاج میں بہتری آئے گی۔پروفیسر الفرید ظفر نے نرسنگ طالبات پر زور دیا کہ وہ کامیابی کے اپنے اس تسلسل کو برقرار رکھنے کے لئے مزید محنت سے تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ دیں تا کہ مستقبل میں بھی شاندار کامیابیاں ان کے قدم چومیں۔اس موقع پر رمضان بی بی کا کہنا تھا کہ نرسنگ کالج سے ڈگری حاصل کرنے کے لئے ایف ایس سی (پری-میڈیکل) والی طالبات داخل ہوتی ہیں اور ڈگری مکمل کرنے پر گریڈ 16 میں ملازمت کا آغاز کرتی ہیں جس سے اُن کو اپنے کیریئر کو بہتر بنانے میں مدد حاصل ہوتی ہے۔انہوں نے طالبات کو نصیحت کی کہ وہ مریضوں و لواحقین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا کریں اور اعلیٰ تعلیم کیلئے کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔

☆☆☆☆

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر لاہور جنرل ہسپتال کے نرسنگ کالج کے نتائج کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں